حافظ غلام مصطفٰے ظہیر

جامعہ علومِ اثریہ کے طلباء کے درمیان دو علمی مسابقے

سابقہ روایات کے مطابق اس سال بھی جامعہ کے طلباء میں دو علمی مسابقے ہوئے۔ پہلا مسابقہ حضرت الاستاذ مولانا پیر محمد یعقوب صاحب قریشی کی زیرِ صدارت حجیت حدیث کے موضوع پر ہوا، جس میں بتیس ۳۲ طلباء نے شرکت کی، اور اپنی اپنی استعداد کے مطابق موضوع پر روشنی ڈالی۔ ممتاز پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کے نام درج ذیل ہیں:

اوّل : غلام مصطفٰے ظہیر (اولیٰ متوسطہ)   دوم : حافظ عبدالمجید (اولیٰ ثانویہ)

سوم : عامر شریف (ثالثہ ثانویہ)   چہارم : محمد ادریس افغانی (ثالثہ متوسطہ)

مدیر التعلیم حضرت مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے طلباء کی حوصلہ افزائی کے لیے نقدی اور کتب کی صورت میں انعامات تقسیم کیے۔

دوسرا علمی مسابقہ بھی شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب صاحب قریشی کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں تینتیس ۳۳ طلباء نے حصہ لیا ـــــ موضوع تھا "الربوا و ضررانها" (سود اور اس کی تباہ کاریاں) اس مسابقہ میں اول پوزیشن راقم الحروف غلام مصطفٰے ظہیر نے، دوسری پوزیشن حافظ عمران (ثانیہ متوسطہ) اور محمد ادریس افغانی (ثالثہ متوسطہ) نے حاصل کی۔ جب کہ تیسری اور چوتھی پوزیشن بالترتیب حافظ اعجاز احمد (اولیٰ متوسطہ) اور سعید صفدر نے حاصل کی حسبِ سابق اس مرتبہ بھی مدیر التعلیم نے طلباء میں انعامات بصورتِ نقدی اور کتب تقسیم کیے۔

نوٹ : قارئینِ کرام نے جو مقالہ گزشتہ صفحات میں "سود کی حرمت" کے عنوان سے ملاحظہ فرمایا، اسی مؤخر الذکر مسابقہ میں پڑھا گیا۔